# چھوٹے بچوں کے اہل خانہ کی رہنمائی برائے مدافعتی ٹیکے

عزیزی اہلِ خانہ،

ہم آپ کی اس کڑی محنت کی قدر کرتے ہیں جو آپ اپنے بچے کو بچوں کی نگہداشت، 3K، یا پری کنڈرگارٹن میں واپس بھیجنے کی تیاری کے لیے کر رہے ہیں، گوکہ یہ ایک ترمیمی طریقے سے ہے جیسے مخلوط تدریس، یہ ضروری ہے کہ آپ کے بچے کے اب تک کے تمام مطلوبہ مدافعتی ٹیکے لگے ہوئے ہوں۔

اس دستاویز کا مقصد آپ کو ان اقدامات کی ضرورت کی آگاہی میں مدد دینا ہے تاکہ آپ کو یہ یقینی بنا سکیں کہ آپ کا بچہ اپنے پروگرام کے دوبارا کھلنے کے لیے تیار ہے۔ یہ رہنمائی آپ کو آپ کے بچے کو مدافعتی ٹیکے لگانے کی اہمیت واضح کرے گی۔ یہ آپ کو وہ ذرائع بھی فراہم کرے گی جہاں سے آپ اپنے بچے کو اسکول واپس بھیجنے کے لیے مناسب طریقے سے مدافعتی ٹیکے لگوا سکتے ہیں۔ آپ کے بچے کو محفوظ رکھنے اور دوسروں کی حفاظت کے لیے، اگر آپ کے بچے کے تمام مطلوبہ مدافعتی ٹیکے نہیں لگے ہوئے ہیں، ہو سکتا ہے کہ آپ کا بچہ بذات موجودگی یا ریموٹ لرننگ میں شرکت کرنے کے قابل نہ ہو سکے، تاوقتیکہ اسے حل نہ کر لیا جائے۔ پروگراموں کے لیے ضروری ہے کہ نیو یارک قانون برائے عوامی صحت کی پابندی کی جائے۔

## آپ کو کیا جاننے کی ضرورت ہے

- مدافعتی ٹیکے، جنہیں ویکسین یا ٹیکے بھی کہا جاتا ہے، بچوں کو خطرناک بیماریوں، بشمول خسرہ، ممپس، روبیلا، کالی کھانسی اورچیچک سے بچنے میں مدد دیتے ہیں۔ وہ بچے جنہیں یہ ٹیکے نہیں لگے ہیں انہیں یہ بیماریاں لگ سکتی ہیں یا یہاں تک کہ موت بھی واقع ہو سکتی ہے۔
- آپ کے بچے کے لیے لازمی ہے کہ بذات خود یا ریموٹ لرننگ کے پہلے دن سے قبل 14 تقویمی دنوں کے اندر تمام مطلوبہ ٹیکے لگوا لیں۔ برائے مہربانی صفحہ 3 پر مطلوبہ ٹیکوں کا چارٹ ملاحظہ کریں۔
- اگر آپ کے بچے کو اب تک کے مطلوبہ ٹیکے نہیں لگے ہوئے ہیں، انہیں بقایا والے شیڈیول میں شامل ہونا چاہیے۔ آپ کو پروگرام کے پہلے دن سے 30 تقویمی دنوں کے اندر لازمی ہر ایک ویکسین لگانے کے شیڈیول اور اضافی وقت مقررہ کا ثبوت لازماً فراہم کرنا ہوگا۔
- اگر آپ کا بچہ حال ہی میں کسی دوسری ریاست یا کسی ملک سے منتقل ہوا ہے، آپ کو اپنے بچے کے طبی ریکارڈ کے حصول میں مشکلات درپیش ہو سکتی ہیں، مزید کچھ سہولت مل جانے کا امکان ہو سکتا ہے۔

## COVID-19 کے دوران مدافعتی ٹیکوں تک رسائی

COVID-19 عالمی وبا کے دوران پچھلے سالوں کے مقابلے میں کم بچوں کے ٹیکے لگے ہیں۔ COVID-19 نے بھی ڈاکٹروں سے وقت لینا مشکل تر بنا دیا ہے جسکی وجہ سے کئی بچے اپنے ویکسین شیڈیول میں پیچھے رہ گئے ہیں۔ گوکہ کئی طبی دفاتر دوبارا کھل گئے ہیں، اب بھی وقت مقررکرنے کے شیڈیول میں دیر ہو سکتی ہے اور چند فراہم کنندگان ابھی تک خود موجودگی کی پیشکش نہیں کر رہے ہیں۔

اگر آپ کو اپنے بچوں کے ڈاکٹر سے وقت نہیں مل رہا ہے یا اگر آپ کے پاس اپنے بچے کا ایک بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ نہیں ہے، **NYC صحت + ہسپتال** کے پاس تمام پانچوں برو میں مطب (کلینکس) موجود ہیں۔ یہ اپنی سائٹس پر کہیں بھی 0-18 سال کے بچوں کی ویکسین کے لیے وقت دینے کے لیے موجود ہیں، قطع نظر بیمے کے یا یہ کہ آپ کا بنیادی نگہداشت فراہم کنندہ کون ہے۔ ویکسینوں کا ریکارڈ رکھا جائے گا اور آپ کو اور آپ کے بچوں کے ڈاکٹر کو دیا جائے گا۔ براہِ کرم انگریزی میں منسلکہ فلائر ملاحظہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے ( دیگر زبانوں میں **یہاں** دستیاب ہیں)۔ توجہ: COVID-19 ٹیسٹنگ ان سائٹس پر بھی دستیاب ہے۔ آپ یہ معلوم کرنے کے لیے کہ اپنے بچے کو کہاں ٹیکے لگوا سکتے ہیں 311 پر فون کر سکتے ہیں۔

## مدافعتی ٹیکوں کے مطلوبات

چند ویکسین کو مخصوص دورانیوں میں لینے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آپ کے بچے کو دوران انتظار پروگرام میں شرکت کرنے کی پھر بھی اجازت ہو گی اگر:

- آپ کےبچے نے اسکول کو مطلوب ہر ویکسین کی پہلی خوراک لے لی ہو؛ اور
- آپ کے طبی فراہم کنندہ نے مزید خوراک کے لیے انتظار کرنے کا کہا ہو۔

بعد میں آنے والی خوراکوں کے مدافعتی سلسلے کو **مشاورتی کمیٹی برائے مدافعتی مشقیں (ACIP) بقایا شیڈیول** کے تحت مکمل کرنا لازمی ہے۔ آپ **2020-2021 مدافعتی ٹیکوں کی مطلوبات** کا جائزہ لینے کے لیے ( **کئی زبانوں میں دستیاب ہے** )NYCDOE کی ویب سائٹ پر جا کر انگریزی میں اس دستاویز کے صفحہ 3 پر جائزہ لے سکتے ہیں. اس کے علاوہ، مزید معلومات کے لیے آپ **ACIP مدافعتی ٹیکوں کا شیڈیول** پر بھی جا سکتے ہیں۔

مثال کے طور پر، فرض کریں کہ آپ کے تین سالہ بچے کا اندراج ایک پروگرام میں ہے اور صرف MMR اور وریسیلا کی خوراک باقی رہ گئی ہیں. اس کا مطلب ہے کہ آپ کے بچے کو DTap کی یا PCV، Hib، Hep B، Polio، DTP کی ایک خوراک اسکول کے پہلے دن سے 14 دنوں کے اندر لازمی لینی ہیں اور تمام بقیہ خوراکوں کے لیے گئے اوقات کی سند دکھانی ہو گی۔ کسی متبادل شیڈیول کی اجازت نہیں ہے۔ اگر آپ ان حتمی تاریخوں کو پورا نہیں کرتے، آپ کا بچہ اپنے پروگرام میں اس وقت تک شریک نہیں ہو سکے گا جب تک وہ بقایا شیڈیول پر عمل نہیں کر لیتا یا مدافعتی ٹیکے مکمل نہیں کروا لیتا۔

آپ کے بچے کا پروگرام آپ سے آپ کے بچے کے مدافعتی ٹیکوں اور حتمی تاریخوں کی صورت حال کے سلسلے میں رابطے میں رہے گا۔ اگر قابل اطلاق ہوا، وہ آپ کوانتباہی اور اخراجی خطوط فراہم کر سکتا ہے۔

### طبی استثنا

اگر آپ کے بچے کو صحت کا کوئی مخصوص معاملہ ہے جیسے کوئی ویکسین نقصان دہ ہو سکتی ہے، آپ کو چاہیے کہ اپنے بچے کے ڈاکٹر سے ایک **طبی استثنا فارم** مکمل کرائیں۔ طبی استثنا درخواست کی کاروائی میں ذیل شامل ہیں:

- طبی استثنا درخواست پر لازماً ایک نیو یارک ریاست کے سند یافتہ فزیشئن کے دستخط ہوں۔
- ان فارم کا NYC (ترجیحاً) یا NYS سے منظور شدہ فارم ہونا ضروری ہے ( NYC کا طبی استثنا درخواست برائے مدافعتی ٹیکے فارم کے لیے **یہاں** یہاں ملاحظہ کریں)۔
- اس فارم کو لازماً مکمل طور پر بھرا ہوا ہونا چاہیے، بشمول پروگرام کے خاکوں کو لازماً مکمل ہونا چاہیے۔

آپ کے اس فارم کو پروگرام میں جمع کرانے کے بعد، آپ کا بچہ DOHMH کے جائزہ کاروائی کے دوران پروگرام میں شامل رہ سکتا ہے۔

اگر استثا درخواست مستردِ ہوئی، آپ کے بچے کو 14 دن دیے جائیں گے تاکہ وہ مطلوبہ ٹیکے لگوا لے (یا مدافعت کی کوئی اور دستاویز فراہم کرے)۔ ورنہ، اسکا اس پروگرام سے خارج ہو جانے کا امکان ہے۔

### اہل خانہ کے لیے مزید وسائل

- ویکسینوں کا محفوظ ہونا ثابت ہے۔ **ویکسین کے محفوظ** ہونے کے لیے مطالعہ کریں
- ٹیکوں کو کیسے کم تکلیف سے لگوایا جا سکتا ہے کے لیے، CDC کے مختصر**مشورے**
- بچوں کے ایک وقت میں کئی ویکسین لینے کے بارے میں **اضافی معلومات** کا حصول (CDC)